## دوسری زیارت عاشورہ

یہ زیارت عاشورہ غیر معروف ہے جو زیارت مشہورہ ہی کیطرح اجروثواب کی حامل ہے اس میں سومرتبہ لعنت کرنا اور سومرتبہ سلام کرنا بھی نہیں ہے یہ ان لوگوں کیلئے فوز عظیم کی حیثیت رکھتی ہے جو اہم کاموں میں مشغول رہتے ہیں مزار قدیم میں اسکا جو طریقہ درج ہے وہ یہ ہے کہ جو شخص دور یا نزدیک سے حضرت امام حسینؑ کی زیارت کرنا چاہے تو وہ غسل کرے اور صحرا یا اپنے گھر کی چھت پر جائے دو رکعت نماز بجالائے اور الحمد کے بعد سورہ اخلاص پڑھے اور جب سلام پھیر لے تو آنحضرت کی طرف سلام کے ساتھ اشارہ کرے اور اسی سلام، اشارے اور نیت کے ساتھ اسی جہت کیطرف متوجہ ہو جس میں وہ ہے یعنی حضرت امام حسینؑ کے مزار کربلا معلیٰ کیطرف رخ کرے اور عاجزی وانکساری کے ساتھ یہ سلام پڑھے:

اَلسَّلامُ عَـلَيْکَ يَـابْـنَ رَسُـولِ اللهِ، اَلسَّلامُ عَـلَيْکَ يَـابْنَ الْبَشِيرِ النَّذِيرِ وَابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّينَ

آپ پر سلام ہو اے رسول خداؐ کے فرزند آپ پر سلام ہو اے خوشخبری دینے والے ڈرانے والے کے فرزنداور اوصیاء کے سردار کے

اَلسَّلامُ عَـلَيْکَ يَـابْنَ فاطِمَةَ سَيِّدَةِ نِساءِ الْعالَمِينَ، اَلسَّلامُ عَلَيْکَ يَا خِيَرَةَ اللهِ وَابْنَ خِيَرَتِهِ،

فرزند آپ پر سلام ہو اے فاطمہ زہراؑ کے فرزند جوجہانوں کی عورتوں کی سردار ہیں آپ پر سلام ہو اے

اَلسَّلامُ عَـلَيْکَ يَـا ثـارَ اللهِ وَابْـنَ ثَـارِهِ، اَلسَّلامُ عَلَيْکَ أَيُّهَا الْوِتْرُ الْمَوْتُورُ اَلسَّلامُ عَلَيْکَ أَيُّهَا

پسندیدہ خدا اور پسندیدہ خدا کے فرزند سلام ہو آپ پر اے قربان خدااور قربان خدا کے فرزند آپ پر سلام ہو اے وہ خون جس

اَلْإِمـامُ الْهَـادِي الزَّكِيُّ وَعَلَى أَرْوَاحٍ حَلَّتْ بِفِنائِکَ وَأَقامَتْ فِي جِوارِکَ، وَوَفَدَتْ مَعَ زُوَّارِکَ،

کا بدلہ لیا جانا ہے سلام ہو آپ پر اے وہ امام کہ جو رہبر ہے پاک و پاکیزہ ہے اور سلام ہو ان روحوں پر جو آپ کی بارگاہ میں اترتی ہیں آپ کے قرب

اَلسَّلامُ عَـلَيْکَ مِـنِّـي مَـا بَـقِـيـتُ وَبَقِيَ اللَّيْلُ وَالنَّهارُ فَلَقَدْ عَظُمَتْ بِکَ الرَّزِيَّةُ وَجَلَّتْ فِي

میں ٹھہرتی اور آپ کے زائروں کے ہمراہ آتی ہیں سلام ہو آپ پر میری طرف سے جب تک زندہ ہوں اور رات دن کی آمد جاری ہے یقیناً آپ کا سوگ

الْـمُـؤْمِـنِينَ وَالْمُسْلِمِينَ وَفِي أَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَأَهْلِ الْاَرَضِينَ أَجْمَعِينَ فَإِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ راجِعُونَ

بہت زیادہ اور بہت بھاری ہے مومنوں اور مسلمانوں کے لیے اور ان سب پر بھاری ہے جو آسمانوں پر اور زمینوں میں ہیں پس ہم خدا کے ہیں اور اسی

صَـلَـواتُ اللهِ وَبَـرَكـاتُهُ وَتَحِيَّاتُهُ عَلَيْکَ يَا أَبا عَبْدِاللهِ الْحُسَيْنِ وَعَلَى آبائِکَ الطَّيِّبِينَ الْمُنْتَجَبِينَ

کی طرف لوٹیں گے خدا کی رحمتیں اور اس کی برکتیں ہوں اور سلام ہوں آپ پر اے ابا عبداللہ حسینؑ اور سلام ہو آپ کے بزرگوں پر جو پاکیزہ اور منتخب ہیں

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

وَعَلَى ذُرِّيَّاتِكُمُ الْهُداةِ الْمَهْدِيِّينَ. لَعَنَ اللهُ أُمَّةً خَذَلَتْكَ وَتَرَكَتْ نُصْرَتَكَ وَمَعُونَتَكَ وَلَعَنَ

اورسلام آپکے فرزندوں پر جو ہدایت یافتہ رہبر ہیں خدا کی لعنت ہواس گروہ پر جس نے آپکا ساتھ چھوڑا آپکی مدد نہ کی اور کمک نہ پہنچائی اور خدا کی لعنت ہواس

اللهُ أُمَّةً أَسَّسَتْ أَساسَ الظُّلْمِ لَكُمْ وَمَهَّدَتِ الْجَوْرَ عَلَيْكُمْ وَطَرَّقَتْ إِلى أَذِيَّتِكُمْ وَتَحَيُّفِكُمْ وَ

گروہ پر جس نے آپ پرظلم کرنے کی بنیاد ڈالی آپ پرستم کرنے کا سامان فراہم کیا آپ کو آزار پہنچانے اور آپ کو بے گھر کرنے کی راہ نکالی اس ظلم وستم کو

جارَتْ ذلِكَ فِي دِيارِكُمْ وَأَشْياعِكُمْ، بَرِيتُ إِلَى اللهِ عَزَّوَجَلَّ وَإِلَيْكُمْ يا سَادَاتِي وَمَوالِيَّ وَ

آپکے گھروں اور آپ کے ساتھیوں تک بڑھایا میں اظہار بیزاری کرتا ہوں خدائے تعالیٰ کے اور آپکے سامنے اے میرے سردار میرے آقا اور میرے امام

أَيِمَّتِي مِنْهُمْ وَمِنْ أَشْياعِهِمْ وَأَتْباعِهِمْ، وَأَسْأَلُ اللهَ الَّذِي أَكْرَمَ يا مَوالِيَّ مَقامَكُمْ وَشَرَّفَ مَنْزِلَتَكُمْ

ان سے انکے ساتھیوں سے انکے پیروکاروں سے اور سوال کرتا ہوں خدا سے جس نے اے میرے آقا بلند کیا آپ کا مقام بڑھائی آپ کی عزت اور شان

وَشَأْنَكُمْ أَنْ يُكْرِمَنِي بِوِلايَتِكُمْ وَمَحَبَّتِكُمْ وَالائْتِمامِ بِكُمْ، وَبِالْبَرائَةِ مِنْ أَعْدَائِكُمْ، وَأَسْأَلُ اللهَ الْبَرَّ

یہ کہ وہ مجھے بزرگی دے آپ کی ولایت آپ کی محبت آپ کی پیروی اور آپ کے دشمنوں سے بیزاری کے ذریعے سے اور سوال کرتا ہوں خدا سے جو بڑا

الرَّحِيمَ أَنْ يَرْزُقَنِي مَوَدَّتَكُمْ وَأَنْ يُوَفِّقَنِي لِلطَّلَبِ بِثارِكُمْ مَعَ الْإِمامِ الْمُنْتَظَرِ الْهادِي مِنْ آلِ

مہربان ہے یہ کہ وہ مجھے آپکی مودّت نصیب کرے اور مجھے توفیق دے کہ آپکے خون کا بدلہ لوں اس امام کے ہمراہ جو آنے والے رہبر ہیں آل محمدؐ میں سے ہیں

مُحَمَّدٍ، وَأَنْ يَجْعَلَنِي مَعَكُمْ فِي الدُّنْيا وَالْآخِرَةِ، وَأَنْ يُبَلِّغَنِي الْمَقامَ الْمَحْمُودَ لَكُمْ عِنْدَ اللهِ،

اور یہ کہ وہ قرار دے مجھ کو آپ کے ساتھ دنیا وآخرت میں نیز مجھے بھی اس مقام محمود پر پہنچائے جو اس نے آپ کیلئے خاص کیا ہے پھر سوال کرتا ہوں

وَأَسْأَلُ اللهَ عَزَّوَجَلَّ بِحَقِّكُمْ وَبِالشَّأْنِ الَّذِي جَعَلَ اللهُ لَكُمْ أَنْ يُعْطِيَنِي بِمُصابِي بِكُمْ أَفْضَلَ

خدائے عزوجل سے آپ کے حق اور مرتبے کے واسطے سے جو خدا نے آپ کیلئے قرار دیا ہے کہ وہ آپ کی عزاداری کے بدلے میں مجھے بہترین اجر دے

مَا أَعْطىٰ مُصاباً بِمُصِيبَةٍ، إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ راجِعُونَ، يَا لَها مِنْ مُصِيبَةٍ مَا أَفْجَعَها وَأَنْكاها لِقُلُوبِ

جو اس نے آپ کے کسی عزادار کو عنایت کیا ہو یقیناً ہم خدا کے ہیں اور اسی کی طرف لوٹیں گے افسوس ہے کہ آپ کی اس مصیبت پر جو کتنی دلگداز اور گہری ہے

الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُسْلِمِينَ فَإِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ راجِعُونَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي

مومنوں اور مسلمانوں کے دلوں کے لیے پس ہم خدا کے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ جائیں گے اے معبود محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت فرما اور مجھے اس جگہ قرار دے

فِي مَقامِي مِمَّنْ تَنالُهُ مِنْكَ صَلَواتٌ وَرَحْمَةٌ وَمَغْفِرَةٌ، وَاجْعَلْنِي عِنْدَكَ وَجِيهاً فِي الدُّنْيا وَ

جہاں پر کھڑا ہوں ان افراد میں جن پر تیری سلامتی، رحمت اور بخشش ہوئی ہے اور مجھے قرار دے اپنے حضور باعزت

الْآخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ فَإِنِّي أَتَقَرَّبُ إِلَيْكَ بِمُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ صَلَواتُكَ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ أَجْمَعِينَ

اور مقربین میں سے دنیا اور آخرت میں کیونکہ میں تیرا قرب چاہتا ہوں کہ محمدؐ و آل محمدؐ کے صدقے ان پر

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

اَللّٰهُمَّ وَإِنِّی أَتَوَسَّلُ وَأَتَوَجَّهُ بِصَفْوَتِکَ مِنْ خَلْقِکَ وَخِیَرَتِکَ مِنْ خَلْقِکَ مُحَمَّدٍ وَعَلِیٍّ وَ

اور انکی ساری آل پر تیری رحمتیں ہوں اے معبود! بے شک میں نے وسیلہ بنایا اور تیری طرف آیا بواسطہ مخلوق میں سے تیرے

الطَّیِّبِینَ مِنْ ذُرِّیَّتِهِمَا، اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْ مَحْیایَ مَحْیاهُمْ،وَمَماتِی

پسندیدہ کے اور کائنات میں تیرے چنے ہوؤں یعنی حضرت محمدؐ وحضرت علیؑ اور ان دونوں کی پاکیزہ اولاد کو وسیلہ بنایا پس اے معبود محمدؐ وآل محمدؐ پر

مَماتَهُمْ، وَلاَ تُفَرِّقْ بَیْنِی وَبَیْنَهُمْ فِی الدُّنْیا وَالْآخِرَةِ، إِنَّکَ سَمِیعُ الدُّعاءِ اَللّٰهُمَّ وَهذَا یَوْمٌ

رحمت فرما اور بنادے میری زندگی انکی زندگی جیسی اور میری موت انکی موت جیسی اور جدائی نہ ڈال مجھ میں اور ان میں دنیا وآخرت میں بے شک تو دعا کا

تَجَدَّدَ فِیهِ النِّقْمَةُ، وَتَنَزَّلَ فِیهِ اللَّعْنَةُ عَلَى اللَّعِینِ یَزِیدَ وَعَلَى آلِ یَزِیدَ وَعَلَى آلِ زِیادٍ وَعُمَرَ بْنِ

سننے والا ہے اے معبود آج وہ دن ہے جس(یں نیا عذاب آتا ہے اور برستی ہے لعنت پر لعنت ملعون ولعنتی یزید پر اور اولاد یزید پر اور زیاد پر اور لعنت ہے عمر بن

سَعْدٍ وَالشِّمْرِ اَللّٰهُمَّ الْعَنْهُمْ وَالْعَنْ مَنْ رَضِیَ بِقَوْلِهِمْ وَفِعْلِهِمْ مِنْ أَوَّلٍ وَآخِرٍ لَعْناً کَثِیراً وَأَصْلِهِمْ

سعد اور شمر پر اے معبود لعنت بھیج ان پر لعنت بھیج اس پر جو انکے قول وفعل پر راضی ہوا اولین وآخرین میں سے بہت بہت لعنت ڈال دے انکا اپنی آگ کے

حَرَّنارِکَ وَأَسْکِنْهُمْ جَهَنَّمَ وَسَائَتْ مَصِیراً وَأَوْجِبْ عَلَیْهِمْ وَعَلَى کُلِّ مَنْ شایَعَهُمْ وَبایَعَهُمْ

شعلوں میں 1 نہ بنا ان کو جہنم میں ٹھہرا اور وہ کتنا برا 1 نہ ہے ضرور لعنت کر ان پر اور ان کے ساتھیوں پر جنھوں نے ان سے پیمان باندھے انکی پیروی کی اور انکی

وَتابَعَهُمْ وَساعَدَهُمْ وَرَضِیَ بِفِعْلِهِمْ وَافْتَحْ لَهُمْ وَعَلَیْهِمْ وَعَلَى کُلِّ مَنْ رَضِیَ بِذلِکَ لَعَناتِکَ

مدد کرتے رہے اور انکے فعل پر راضی رہے کھول دے ان کیلئے اپنی ہر لعنت کا راستہ اور ان پر بھی جو ان کے ظلم کو پسند کرتے ہیں اپنی طرف سے وہ لعنت کر

الَّتِی لَعَنْتَبِها کُلَّ ظالِمٍ، وَکُلَّ غاصِبٍ، وَکُلَّ جاحِدٍ،وَکُلَّ کافِرٍ، وَکُلَّ مُشْرِکٍ، وَکُلَّ شَیْطانٍ

جو لعنت کی ہے تو نے ہر ظالم پر ہر غاصب پر ہر منکر پر ہر کافر پر ہر مشرک پر اور جو لعنت کی ہے تو نے ہر مردود شیطان

رَجِیمٍ، وَکُلَّ جَبَّارٍ عَنِیدٍ. اَللّٰهُمَّ الْعَنْ یَزِیدَ وَآلَ یَزِیدَ وَبَنِی مَرْوانَ جَمِیعاً اَللّٰهُمَّ وَضَعِّفْ غَضَبَکَ

پر اور ہر ضدی ستمگار پر اے معبود لعنت بھیج یزید پر اولاد یزید پر اور اولاد مروان سب پر اے معبود دگنا کر دے اپنا غضب اپنا غصہ اپنا عذاب

وَسَخَطَکَ وَعَذابَکَ وَنَقِمَتَکَ عَلَى أَوَّلِ ظالِمٍ ظَلَمَ أَهْلَ بَیْتِ نَبِیِّکَ، اَللّٰهُمَّ وَالْعَنْ جَمِیعَ

اور اپنی سزا اس پہلے ظالم پر جس نے تیرے نبی کے خاندان پر ظلم کا آغاز کیا اے معبود لعنت کر ان سب پر جنھوں نے اہل بیتؑ پر ظلم کیا

الظَّالِمِینَ لَهُمْ وَانْتَقِمْ مِنْهُمْ إِنَّکَ ذُو نِقْمَةٍ مِنَ الْمُجْرِمِینَ، اَللّٰهُمَّ وَالْعَنْ أَوَّلَ ظالِمٍ ظَلَمَ آلَ

اور تو ان سے انتقام لے کیونکہ تو مجرموں کو سزا دینے والا ہے اے معبود تو لعنت کر ان پہلے ظالموں پر جنھوں نے اہل بیت محمدؐ پر ظلم کیا اور لعنت بھیج ان کی

بَیْتِ مُحَمَّدٍ، وَالْعَنْ أَرْواحَهُمْ وَدِیارَهُمْ وَقُبُورَهُمْ وَالْعَنِ اَللّٰهُمَّ الْعِصابَةَ الَّتِی نازَلَتِ الْحُسَیْنَ

روحوں پر ان کے گھروں پر اور انکی قبروں پر نیز لعنت کر اے معبود اس گروہ پر جنھوں نے حسینؑ سے جنگ کی جو تیرے نبیؐ کی دختر کے فرزند ہیں لعنت کر

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

بْنَ بِنْتِ نَبِیِّکَ وَحارَبَتْهُ وَقَتَلَتْ أَصْحابَهُ وَأَنْصارَهُ وَأَعْوانَهُ وَأَوْلِیائَهُ وَشِیعَتَهُ وَمُحِبِّیهِ وَأَهْلَ

ان پرجس نے ان سے جنگ کی اورقتل کیا انکے ساتھیوں اور مددگاروں کواورقتل کیا انکے حامیوں انکے دوستوں انکے پیروکاروں اورمحبوں کواورقتل کیاان کے

بَیْتِهِ وَذُرِّیَّتَهُ، وَالْعَنِ اَللّٰهُمَّ الَّذِینَ نَهَبُوا مالَهُ،وَسَلَبُوا حَرِیمُهُ، وَلَمْ یَسْمَعُوا کَلامَهُ وَلاَ مَقالَهُ،

خاندان اورانکی اولادکواے معبودلعنت بھیج ان کا مال لوٹنے والوں اوران کے خیمے تاراج کرنے والوں پرجنہوں نے توجہ نہ کی انکی گفتاراوران کی پکار پر

اَللّٰهُمَّ وَالْعَنْ کُلَّ مَنْ بَلَغَهُ ذلِکَ فَرَضِیَ بِهِ مِنَ الْاَوَّلِینَ وَالْاَخِرِینَ وَالْخَلائِقِ أَجْمَعِینَ إِلی یَوْمِ

اے معبودلعنت کران سب پرجنہوں نے یہ واقعہ سنا اور وہ اس پرخوش ہوئے اولین وآخرین میں سے اور ساری مخلوق میں سے سب پر قیامت کے دن

الدِّینِ. اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا أَبا عَبْدِاللهِ الْحُسَیْنَ وَعَلی مَنْ ساعَدَکَ وَعاوَنَکَ وَوَاساکَ بِنَفْسِهِ،

تک، سلام ہو آپ پر اے ابا عبداللہ الحسینؑ اور ان پر جنہوں نے آپ کا ساتھ دیا آپ کی مدد کی آپ کے لیے اپنی جانیں حاضر کر دیں

وَبَذَلَ مُهْجَتَهُ فِی الذَّبِّ عَنْکَ، اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا مَوْلایَ وَعَلَیْهِمْ، وَعَلی رُوحِکَ وَعَلی

اور آپ کا دفاع کرتے ہوئے اپنے خون میں نہا گئے سلام ہو آپ پر اے میرے آقا اور ان پر سلام آپ کی روح پر اور ان کی

أَرْواحِهِمْ، وَعَلی تُرْبَتِکَ وَعَلی تُرْبَتِهِمْ. اَللّٰهُمَّ لَقِّهِمْ رَحْمَةً وَرِضْواناً وَرَوْحاً وَرَیْحاناً، اَلسَّلامُ

روحوں پر اور سلام آپ کی قبر پر اور ان کی قبروں پر اے معبود ملاقات کر ان سے رحمت و خوشنودی سے اور راحت و

عَلَیْکَ یا مَوْلایَ یا أَبا عَبْدِاللهِ، یَابْنَ خاتَمِ النَّبِیِّینَ، وَیَابْنَ سَیِّدِ الْوَصِیِّینَ، وَیَابْنَ سَیِّدَةِ نِساءِ

مسرت سے آپ پر سلام ہو اے میرے آقا اے اباعبداé اے خاتم الانبیاء کے فرزند اے اوصیاء کے

الْعالَمِینَ، اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا شَهِیدُ یَابْنَ الشَّهِیدِ. اَللّٰهُمَّ بَلِّغْهُ عَنِّی فِی هذِهِ السَّاعَةِ وَفِی هذَا

سردار کے فرزند اے جہانوں کی عورتوں کی سردار کے فرزند آپ پر سلام ہو اے شہید ابن شہید اے معبود! پہنچا ان کو میری طرف سے اس گھڑی آج کے

الْیَوْمِ وَفِی هذَا الْوَقْتِ وَکُلِّ وَقْتٍ تَحِیَّةً وَسَلاماً، اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَابْنَ سَیِّدِ الْعالَمِینَ، وَعَلَی

دن اور اسی وقت اور ہر وقت بہت بہت درود اور سلام، سلام ہو آپ پر اے جہانوں کے سردار کے فرزند

الْمُسْتَشْهَدِینَ مَعَکَ سَلاماً مُتَّصِلاً مَا اتَّصَلَ اللَّیْلُ وَالنَّهارُ، اَلسَّلامُ عَلَی الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ

اور ان پر جوآپ کے ہمراہ شہید ہوئے سلام ہو مسلسل جب تک رات اور دن باقی رہیں سلام ہو حسینؑ شہید پر جو علیؑ کے فرزند ہیں

الشَّهِیدِ،اَلسَّلامُ عَلی عَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ الشَّهِیدِ،اَلسَّلامُ عَلَی الْعَبَّاسِ بْنِ أَمِیرِ الْمُؤْمِنِینَ الشَّهِیدِ

سلام ہو شہید علیؑ پر جو حسینؑ کے فرزند ہیں سلام ہو شہید عباسؑ پر جو امیر المومنینؑ کے فرزند ہیں

اَلسَّلامُ عَلَی الشُّهَداءِ مِنْ وُلْدِ أَمِیرِ الْمُؤْمِنِینَ، اَلسَّلامُ عَلَی الشُّهَداءِ مِنْ وُلْدِ جَعْفَرٍ وَعَقِیلٍ،

سلام ہو ان شہیدوں پر جو امیر المومنینؑ کی اولاد سے ہیں سلام ہو ان شہیدوں پر جو جعفرؑ اور عقیلؑ کی

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

اَلسَّلامُ عَلَـى كُـلِّ مُسْتَشْهَدٍ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ وَبَلِّغْهُمْ عَنِّي تَحِيَّةً

اولاد سے ہیں سلام ہو ان سب شہیدوں پر جو مومنوں میں سے ہیں اے معبود محمدؐ

وَسَـلاماً اَلسَّلامُ عَـلَيْكَ يَا رَسُولَ اللهِ وَعَلَيْكَ اَلسَّلامُ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكاتُهُ، أَحْسَنَ اللهُ لَكَ

و آل محمدؐ پر رحمت نازل کر اور ان کو میرا درود اور سلام پہنچا آپ پر سلام ہو اے خدا کے رسولؐ اور آپؐ پر سلام ہو خدا کی رحمت ہو اور برکات

الْعَزاءَ فِي وَلَدِكَ الْحُسَيْنِ 7 ، اَلسَّلامُ عَـلَيْكَ يَـا أَبَـا الْحَسَنِ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ وَعَلَيْكَ

ہوں خدا آپ کو اس غم کا بہترین اجر دے جو آپ نے اپنے فرزند حسینؑ کے بارے میں پایا آپ پر سلام ہو اے ابا الحسنؑ اے مومنوں کے امیر اور

اَلسَّلامُ وَرَحْـمَةُ اللهِ وَبَـرَكـاتُهُ أَحْسَنَ اللهُ لَكَ الْعَزاءَ فِي وَلَدِكَ الْحُسَيْنِ، اَلسَّلامُ عَلَيْكِ

آپ پر سلام خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات ہوں خدا آپ کو اس غم پر بہترین اجر دے جو آپ نے اپنے فرزند حسینؑ کے بارے میں پایا آپ پر سلام ہو

يَـا فـاطِـمَةُ يَا بِنْتَ رَسُولِ رَبِّ الْعالَمِينَ وَعَلَيْكِ اَلسَّلامُ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكاتُهُ أَحْسَنَ اللهُ لَكِ

اے فاطمہؑ اے جہانوں کے پرودگار کے رسولؐ کی دختر آپ پر سلام خدا کی رحمت ہو اور اسکی برکات ہوں خدا آپکو اس غم پر بہترین

الْـعَـزاءَ فِـي وَلَدِكِ الْحُسَيْنِ اَلسَّلامُ عَلَيْكَ يَا أَبا مُحَمَّدٍ الْحَسَنَ وَعَلَيْكَ اَلسَّلامُ وَرَحْمَةُ اللهِ

اجر دے جو آپ نے اپنے فرزند حسینؑ کے بارے میں دیکھا آپ پر سلام ہو اے ابا محمد الحسنؑ آپ پر سلام ہو اور خدا کی رحمت ہو اور اسکی برکات ہوں

وَبَرَكاتُهُ أَحْسَـنَ اللهُ لَكَ الْـعَزاءَ فِي أَخِيكَ الْحُسَيْنِ اَلسَّلامُ عَلَى أَرْواحِ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِناتِ

خدا آپ کو اس غم پر بہترین اجر دے جو آپ نے اپنے بھائی حسینؑ کے بارے میں پایا سلام ہو مومنین و مومنات کی روحوں پر کہ جو ان میں زندہ ہیں اور جو

الْاَحْـيـاءِ مِـنْهُـمْ وَالْاَمْـواتِ، وَعَلَيْهِمُ اَلسَّلامُ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكاتُهُ، أَحْسَنَ اللهُ لَهُمُ الْعَزاءَ فِي

مر چکے ہیں ان سب پر سلام ہو خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات ہوں خدا ان کو اس غم پر بہترین اجر دے جو انہیں اپنے مولا حسینؑ کے بارے میں ہے

مَـوْلاهُـمُ الْـحُسَيْنِ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنا مِنَ الطَّالِبِينَ بِثارِهِ مَعَ إِمامٍ عَدْلٍ تُعِزُّ بِهِ الْإِسْلامَ وَأَهْلَهُ يَارَبَّ

اے معبود! ہمیں انکے خون کا بدلہ لینے والوں میں قرار دے اس امام عادل کے ہمراہ جن کے ذریعے تو اسلام و مسلمانوں کو عزت دے گا اے جہانوں کے

الْعالَمِينَ. پھر سجدے میں جا کر پڑھے: اَلـلّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلَى جَمِيعِ مَا نابَ مِنْ خَطْبٍ وَلَكَ الْحَمْدُ

پروردگار۔ اے معبود تیرے لیے حمد ہے بوجہ اس بڑی مصیبت کے جو پیش آئی تیرے لیے حمد ہے

عَـلَـى كُـلِّ أَمْـرٍ، وَإِلَيْكَ الْـمُشْتَـكىٰ فِي عَظِيمِ الْمُشْتَكىٰ فِي عَظِيمِ الْمُهِمَّاتِ بِخِيَرَتِكَ وَ

ہر معاملے میں اور تیری بارگاہ میں شکایت ہے ان بڑی مصیبتوں پر جو تیرے برگزیدہ دوستوں

أَوْلِيـائِكَ وَذلِكَ لِـمـا أَوْجَبْتَ لَهُمْ مِنَ الْكَرَامَةِ وَالْفَضْلِ الْكَثِيرِ. اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ

پر گزریں اس وجہ سے کہ تو نے لازم فرمائی ان کے لیے بزرگواری اور بہت زیادہ فضیلت پس اے معبود محمدؐ و آل محمدؐ

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

وَآلِ مُحَمَّدٍ وَارْزُقْنِي شَفاعَةَ الْحُسَيْنِ يَوْمَ الْوُرُودِ وَالْمَقامِ الْمَشْهُودِ وَالْحَوْضِ الْمَوْرُودِ،

پر رحمت فرما اور مجھے نصیب کر حسین علیہ السلام کی شفاعت و سفارش جس دن آنا ہے مقام معین حوض کوثر پر جو وارد

وَاجْعَلْ لِي قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَكَ مَعَ الْحُسَيْنِ وَأَصْحابِ الْحُسَيْنِ الَّذِينَ وَاسَوْهُ بِأَنْفُسِهِمْ، وَ

ہونے کی جگہ ہے اور قرار دے میری اپنے حضور کی بہترین آمد جو حسنؑ اور حسینؑ کے اصحاب کے ہمراہ وہم رکاب ہو جنہوں نے ان پر اپنی جانیں قربان کیں

بَذَلُوا دُونَهُ مُهَجَهُمْ، وَجاهَدُوا مَعَهُ أَعْدائَكَ ابْتِغاءَ مَرْضاتِكَ وَرَجائِكَ، وَتَصْدِيقاً بِوَعْدِكَ،

انکے سامنے گردنیں کٹوا دیں اور انکے ساتھ ہو کر تیرے دشمنوں سے لڑے کہ تیری رضا پائیں اور امید لگائیں تجھ سے انہوں نے تیرے وعدے کو سچا جانا

وَخَوْفاً مِنْ وَعِيدِكَ، إِنَّكَ لَطِيفٌ لِمَا تَشاءُ يَاأَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ.

اور تیری سخت گیری سے ڈرے بے شک تو مہربان ہے اس کے لیے جسے تو چاہے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com